26/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں اورآرگنائزیشنوں مینمنتخب ہوئے51 ہزار افراد کو نوکریونکے مراسلے پیش کئے۔

یہ15واں روز گار میلہ ملک میں 47مقامات پر منعقد ہوگا۔اس موقعے پر وزیر اعظم نے ایک اجتماع سے بھی خطاب کیا ۔

........................

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہاکہ پہلگام حملے پر عوامی رد عمل ان لوگوں کیلئے چشم کشا ہے جو ملک میں خوف اور تقسیم کا بیج بونا چاہتے ہیں۔ ان باتونکااظہار وزیر اعلیٰ نے سرینگرمیں سیاحتی صنعت ، ٹرول اور کاروبار سے منسلک مختلف شعبوں سے وابستہ SKICC افراد کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران کیا ہے۔

انہوں نے تاجر برادری کے اقدام کی سراہنا کرتے ہوئے کہا آپ نے واضح کیا ہے کہ ہم نے نہ کبھی ایسے تشدد کی حمایت کی ہے اور نہ آئندہ کبھی کریں گے ۔

واپسی

بھارت سے ابھی تک219پاکستانی باشندے اٹاری واگہ کے زمینی راستے سے پاکستان واپس چلے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں پہلگام حملے کے بعد مرکزی سرکار نے پاکستانی باشندوں کو بھارت چھوڑنے کیلئے48گھنٹے کی مہلت دی تھی ۔

اس دوران پاکستان گئے ہوئے 287بھارتی باشندے بھی ہمسائیہ ملک سے واپس اپنے وطن پہنچ گئے ہیں۔

سندھ طاس

پاٹل نے بھارت اور پاکستان کے درمیان 1960کے سندھ طاس آبی CR جل شکتی کے مرکزی وزیر معاہدے کو معطل کرنے کی اہمیت اجا گرکی ہے۔

نئی دلی میں ایک میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہاکہ سرکار اس بات کو یقینی بنائے گی کہ دریائے سند ھ سے پانی کا ایک قطرہ بھی پاکستان تک نہ پہنچ پائے۔

سیاح

پہلگام واقعے کے باوجود کشمیر وادی میں سیاحوں کی ایک اچھی خاصی تعداد موجود ہے ۔ یہ سیاح کشمیر وادی کے عام لوگوں کی انسان دوستی اور مہمان نوازی کے گن گاتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔

.......................

عدولی

بھارتی افوج نے حد متارکہ کے متصل پاکستانی گولہ بھاری کامنہ توڑ جواب دیا ہے ۔ دفاعی ذرائع نے بتایا کہ کنٹرول لائن کے اس پار سے کشمیر وادی کے کچھ سرحدی علاقوں میں پاکستانی فوجی پوسٹوں سے بلا اشتعال فائر نگ کی گئی جس کا بھارتی جوانوں نے بھی موثر جواب دیا۔

حالانکہ اس واقعے میں بھارت کی طرف سے کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

امرتسر

سرحدی حفاظتی عملے کو گذشتہ شام پنجاب کے امرتسر میں دہشت گردی مخالف ایک کارروائی کے دوران ہتھیاروں کا ایک بڑا ذخیرہ ہاتھ لگ گیا ہے ۔

سرکٹ// پانچ ہتھ گولے//220کارتوس اور IED کچھ //RDX ضبط کئے گئے اسلحہ میں پانچ کلو کچھ پستول شامل ہیں۔

حج

جموں کشمیر سے حج2025کے سلسلے میں عازمین کرام کی روانگی کا سلسلہ چار مئی سے شروع ہوگا۔ حج پروازیں سرینگرکے بین الاقوامی ہوائی اڈے سے براہ راست مدینہ منورہ کیلئے اُڑان بھریں گی ۔

جمونکشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگرسے بات کرتے ہوئے کہاکہ عازمین کی روانگی کا سلسلہ 15مئی تک جاری رہے گا۔

.........................

DG نیوز

آکاشوانی نیوز سروس کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیا پلیوال گورنے ممبئی میں انڈیا آڈیو سمٹ اینڈ ایوارڈس2025کی تقریب میں بحیثیت مہمان ذی وقار کے طور پر شرکت کی ۔

اس موقعے پر انہوننے” آڈیو انڈسٹری میں انقلاب اور آکاشوانی بحیثیت ایک عوامی نشریاتی ادارہ “کے موضوع پر خطاب کیا۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی من کی بات کے اگلے شمارے میں کل دن میں 11بجے مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہا ر کریں گے۔ یہ اس ریڈیائی پروگرام کا 121شمارہ ہوگا۔

من کی بات کو آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیاجائے گا۔ اصل پروگرام کے بعد علاقائی اسٹیشنوں سے اس کا مقامی زبانوں میں کیا گیا ترجمہ بھی براڈ کاسٹ کیا جائے گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ